30/01/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

شہیدی دِوس

وزیر اعظم نریندر مودی نے گاندھی جی کو ان کی برسی پر شاندار خراج ادا کیا ہے ۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ بابائے قوم مہاتما گاندھی کے اصول ملک کے شہریوں کو ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کی ترغیب دیتے ہیں ۔ واضح رہے کہ گاندھی جی کی برسی کے سلسلے میں تیس جنوری کو ہر سال شہیدی دِوس کے بطور منایا جاتا ہے ۔ وزیر اعظم نے اُن سبھی شہیدوں کو بھی خراج ادا کیا جنھوں نے قوم کے لئے اپنی جانیں نچھاور کیں ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی موہن داس کرم چند گاندھی کو ان کے شہیدی دِوس پر یاد کیا ہے ۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ عدمِ تشدد ، سچائی اور خود انحصاری کے اُن کے اصول نسلوں کی رہنمائی کرتے رہیں گے ۔

آکاشوانی سرینگر اور نیوز یونٹ میں بھی مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت ادا کیا گیا ۔ اس سلسلے میں دو منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی ۔

بجٹ سیشن میٹنگ

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کی بزنس ایڈوائزری کمیٹی کی ایک میٹنگ فروری کے پہلے ہفتے میں منعقد ہونے کی توقع ہے جس میں تین مارچ سے شروع ہونے والے بجٹ سیشن سے متعلق کام کاج کے کیلنڈر کو حتمی شکل دی جائے گی ۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پہلے ہی تین مارچ سے موجودہ اسمبلی کا بجٹ سیشن منعقد کرنے کی منظوری دی ہے ۔ اس طرح سے چھ سال کے بعد جموں کشمیر اسمبلی میں سالانہ بجٹ پیش کیا جائے گا ۔ بجٹ سیشن کے پہلے دن لیفٹنٹ گورنر کا خطاب ہو گا ۔

معلوم ہوا ہے کہ اسمبلی کے اسپیکر عبد الرحیم راتھر بزنس ایڈوائزری کمیٹی کی میٹنگ طلب کرکے بجٹ سیشن کی معیاد کا تعین کریں گے اور وزیر اعلیٰ کی طرف سے بجٹ پیش کرنے کی تاریخ مقرر کریں گے ۔ واضح رہے کہ محکمہ خزانہ کا قلمدان خود عمر عبداللہ کے پاس ہے۔

نلین پربھات

جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات نے سیکورٹی فورسز کو باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنے کے لئے کہا ہے ۔ اپنے کٹھوعہ کے دورے کے دوران فوج ، سی آر پی ایف اور پولیس نے تمام سلامتی ایجنسیوں کو اس علاقے DGP کے اعلیٰ افسروں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے میں ملی ٹنسی کو ختم کرنے کے لئے قریبی تال میل سے کام کرنے کی تاکید کی ہے ۔

انہوں نے زمینی سطح پر کاروائیوں کی انجام دہی اور سراغ رسانی کی اہمیت اجا گر کی ۔

بیٹنگ رٹریٹ

جموں کے مولانا آزاد اسٹیڈیم میں کل شام منعقد ہوئی بیٹنگ رٹریٹ پروگرام کے ساتھ ہی جموں کشمیر میں یوم جمہوریہ کی مناسبت سے چار روزہ تقریبات اپنے اختتام کو پہنچ گئی ہیں ۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اس موقع پر جموں کشمیر پولیس اور دیگر مسلح افواج کے بریس بینڈس اور پائپ بینڈس نے دیش بھکتی کے نغموں کی دُھنوں سے حاضرین کو محظوظ کرایا ۔

تقریب پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا مہمان خصوصی تھے ۔ اس موقع پر جموں کشمیر پولیس اور دیگر سیکورٹی فورسز کے دستوں ، پریڈ اور ڈپٹی پریڈ کمانڈروں ، سابقہ فوجیوں اور سول کیڈٹوں، خصوصی ضروریات کے حامل بچوں اور تمدنی NCC انتظامیہ کے کچھ افسروں نیز پروگرام پیش کرنے والوں کی عزت افزائی کی گئی ۔

غیر محفوظ پانی

ضلع گاندربل اور شہر سرینگر کے کچھ دیہی علاقوں میں درجنوں قدرتی چشموں کے پانی کو پینے کے لئے غیر محفو ظ پایا گیا ہے ۔ اس سلسلے میں مختلف چشموں سے لئے گئے پانی کے نمونوں کی جانچ کے بعد چالیس میں سے 37 چشموں کے پانی کو غیر محفوظ قرار دیا گیا ہے ۔

ہمارے گاندربل کے نمائندے سے بات کرتے ہوئے ضلع کے محکمہ جل شکتی کے ایگزیکیوٹیو انجینئر سمیع اللہ بیگ نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ اکثر چشموں کا پانی پینے کے لئے اَن فِٹ ہے ۔

انہوں نے ایک عوامی اشتہار کے ذریعے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ قدرتی چشموں کے پانی کے بجائے نل کا جل استعمال کریں ۔

مختصرات

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی صدارت میں ڈیجیٹل انڈیا لینڈ ریکارڈ ماڈرنائزیشن پروگرام سے متعلق ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ میں جموں کشمیر کے تمام ریونیو ولیجز میں زمین کے ریکارڈوں کو ڈیجیٹائز کرنے کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد نے ضلع سطح کی نارکو کوآرڈینیشن میٹنگ کے دوران ضلع میں منشیات کی لعنت کا قلع قمع کرنے کے لئے محکمہ تعلیم ، پولیس ، صحت اور دیگر محکموں کے رول کو اجا گر کیا ۔

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں Enterpreneurship پر مرکوز اسکیموں کا جائزہ لیا گیا ۔ ان میں محکمہ زراعت اور ایگری ، کسان کریڈٹ اسکیم شامل ہیں ۔ HADP خاص طور پر

ضلع ترقیاتی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری کی صدارت میں وِدھیالیہ منیجمنٹ کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ اس دوران جواہر نوودھیا وِدھیالیہ بانڈی پورہ کی نئی عمارت کو استعمال میں لانے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****